سوال

(653) کیا بالوں کی الٹی مانگ جائز ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا الٹی مانگ نکالنا یعنی سائیڈ سے مانگ نکالنا جائز ہے ؟ قرآن وسنت سے وضاحت فرمادیں۔ (سائل) (۲۶ اپریل ۲۰۰۲ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مانگ میں سنت طریقہ یہ ہے کہ پیشانی سے سر کے بالوں کے درمیان سے نکالے اس میں مرد اور عورت برابر ہے اور ایک طرف سے مانگ نکالنا غیر مسنون طریقہ ہے۔ اس میںغیر مسلموں کے ساتھ مشابہت ہے۔ حدیث میں ہے :

’مَن تَشَبَّہَ بِقَومٍ فَھُوَ مِنھُم۔ ‘ (سنن اَبی داود، بابٌ فِی لُبسِ الشُّھرَةِ، رقم : ۴۰۳۱)

اس حدیث کی تشریح کے لیے ملاحظہ ہو : (فتاویٰ اہل حدیث : ۳۳۸/۳) اور زیرِ بحث مسئلہ کی مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، کتاب فتاویٰ المرأة المسلمة (۵۲۹/۲۔ ۵۳۰)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد : 3، کتاب اللباس : صفحہ : 479

محدث فتویٰ